اکتوبر 2020

## صحت اور حفاظت کے رہنما خطوط برائے ابتدائی طفلی خاندان

برادری پر مبنی تنظیموں میں ارلی لرن K-3، اور پری کنڈر گارٹن میں شرکت کرنے والے بچوں کے لیے

عزیزی اہلِ خانہ،

یہ تعلیمی سال کسی دوسرے سال کی طرح نہیں ہے، اور ہم جانتے ہیں کہ آپ اپنے بچوں کے لیے بہترین کی تمنا کرتے ہیں۔ ہم اس تمام کام کی ستائش کرتے ہیں جو آپ نے یہ یقینی بنانے کے لیے کیا ہے کہ آپ کا بچہ صحتمند، خوش، اور دنیا سے مقابلے کے لیے مستعد رہے۔ ہمارے ابتدائی طفلی پروگرام اس معاملے میں بہت اہم کردار ادا کر رہے ہیں، خاص طور پر ابھی، جب کہ ہمارے شہر کے بچے اتنا سب کچھ سے گزرے ہیں۔

یہ نئے صحت اور حفاظت کے طریقۂ ہائے کار ہیں جنکو بچوں اور عملے کو محفوظ رکھنے کے لیے انجام دینا لازمی ہے جب وہ نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم (DOE) کے معاہدہ شدہ ابتدائی طفلی پروگرام میں ایک برادری پر مبنی تنظیم میں شرکت کرر ہے ہوں۔ یہ اس کے مقابلے میں مختلف ہوسکتا ہے جسکے آپ عادی رہے ہیں، اور ہم یہاں آپکی رہنمائی کے لیے موجود ہیں۔ اس وسیلے میں، آپکو اپنے پروگرام کے لیے صحت اور حفاظت کی تازہ ترین معلومات ملیں گی۔

اس میں زیادہ تر رہنمائی ان اسباق سے ملتی ہے جو ہم نے ابتدائی طفلی پروگراموں سے سیکھے ہیں جنہوں نے حفاظت کے ساتھ اہم کارکنان اور پہلی امدادی ٹیم کے بچوں کو بہار اور موسمِ گرما کے دوران خدمات فراہم کی تھیں۔ ہم نے پروگراموں کی ہماری موجودہ رہنمائی کو تشکیل دینے میں ان پروگرام قائدین کے تجربات استعمال کیے ہیں، اور ساتھ ہی وفاقی، ریاستی اور علاقائی رہنمائی بھی، تاکہ تمام بچے صحتمند اور محفوظ رہتے ہوئے تعلیم حاصل کرسکیں۔

ایک انتہائی اہم اصول: **اگر آپ کا بچہ بیمار ہے، چاہے معمولی علامات کے ساتھ، براہِ مہربانی اسے گھر پر رکھیں۔**

**"چار بنیادیں" یاد رکھیں**

جب بیمار ہوں گھر پر رہیں | چہرے کا ماسک پہنیں | 6 فٹ کا فاصلہ رکھیں | اپنے ہاتھوں کو دھوئیں



### روزانہ صحت کی جانچ

تمام بچوں کے لیے عمارت میں داخل ہونے سے پہلے ایک روزانہ صحت کی جانچ مکمل کرنا لازمی ہے، جس میں انکا درجہ حرارت لیے جانا اور خاندان کے رکن کو کسی COVID-19 والے فرد کا سامنا ہونے کے بارے میں سوالات کے جواب دینا شامل ہیں۔ کچھ پروگراموں میں ہوسکتا کہ ایسا طریقۂ کار ہوں جو آپ گھر پر اس جانچ کو مکمل کرسکیں۔ دیگر پروگرام یہ جانچ کوآپ کے پہنچنے پر انجام دیں گے۔

### داخلہ اور برخاستگی

بچوں کو عمارت کے داخلی دروازے پر چھوڑا اور لے جایا جائے گا۔ وہاں پر عملے کے اراکین آپ کے بچے کو کلاس روم میں لے جانے کے لیے موجود ہونگے۔ یہ عمارت میں داخل ہونے والے بالغ افراد کی تعداد کو محدود کرنے کے لیے ہے۔ اگر خاندان کے کسی رکن کو عمارت میں داخل ہونے کی ضرورت ہو، انہیں ایک صحت کی جانچ مکمل کرنی ہوگی اور عمارت میں داخل ہونے سے پہلے صحت اور حفاظت کے تمام طریقۂ ہائے کار کی پیروی کرنی ہوگی۔ نوعمر بچوں سے دوسرے بچوں اور عملے سے مختلف داخلی دروازے سے اندر آنے کی توقع بھی کی جاسکتی ہے۔ ایسا انتظار کے طویل وقت اور افراد کے بڑے گروپس کے ایک ساتھ جمع ہونے سے بچنے میں مدد کے لیے ہے۔

### مختلف آمد اور برخاستگی کے اوقات:

آپ کے پروگرام میں ہوسکتا ہے آمد اور برخاستگی کے مختلف اوقات ہوں۔ ایسا انتظار کے طویل وقت اور افراد کے بڑے گروپس کے ایک ساتھ جمع ہونے سے بچنے میں مدد کے لیے ہے۔

اکتوبر 2020

## صحت اور حفاظت کے رہنما خطوط برائے ابتدائی طفلی خاندان

برادری پر مبنی تنظیموں میں ارلی لرن K-3، اور پری کنڈر گارٹن میں شرکت کرنے والے بچوں کے لیے

### چہرے کا ماسک

تمام عملے اور دو سال سے زائد عمر کے بچوں سے چہرے پر ماسک پہننے کی توقع کی جاتی ہے۔ دو سال سے کم عمر کے بچوں کو ماسک نہیں پہننا چاہیئے۔ تدریسی عملہ ان بچوں کے ساتھ کام کرے گا جنہیں ماسک پہننے میں مسلسل مشکل پیش آرہی ہو۔ چہرے کے ماسک کھانے اور آرام کے وقت نہیں پہنے جائیں گے۔ بچوں کو انکی بیرونی سرگرمیوں کے دوران بھی ہٹانے کی اجازت دی جا سکتی ہے۔ اگر آپکے بچے کی کوئی طبی صورتِ حال ہے جو انہیں چہرے کا ماسک پہننے میں حائل ہے، ایک ڈاکٹر کی جانب سے دستاویز منظوری کے لیے پروگرام کو دی جانی لازمی ہیں۔ **بچوں کو ماسک نہ پہننے پر علیحدہ، معطل یا خارج نہیں کیا جائے گا۔ تاہم، وہ خاندان اور طلبا جو معمولاً چہرے کا ماسک پہننے سے انکار کریں گے انہیں ریموٹ لرننگ میں منتقل کیا جاسکتا ہے۔**

چہرے کے ماسک میں کپڑے کے بنے ماسک اور پھینک دینے والے سرجیکل ماسک شامل ہیں جو منہ اور ناک دونوں کو ڈھانپتے ہوں۔

- بندانہ اور نیک گیٹرز کی اجازت نہیں ہے۔
- سانس باہر نکالنے کے ویلو یا وینٹ والے ماسک کی اجازت نہیں ہے، کیونکہ سانس باہر نکالنے والے ویلو سے بغیر فلٹر کی ہوئی ہوا دوسروں تک پہنچتی ہے۔
- ایسے ماسک کی اجازت نہیں ہے جو مکمل طور پر چہرے کو ڈھانپ یا چُھپا لیں جیسے اسکئی ماسک۔
- چہرے کی شیلڈ ماسک کا بدل نہیں ہیں۔

### جسمانی فاصلہ

عملے اور بچوں کے لیے دوسروں سے چھ فٹ کا جسمانی فاصلہ رکھنا لازمی ہے، جس حد تک ممکن ہوسکے۔ تدریسی عملہ اپ کے ساتھ ان طریقۂ کار کا اشتراک کرسکتا ہے جو وہ اپنے کلاس روم میں اس سلسلے میں مدد کے لیے کررہے ہیں۔

### ہاتھ دھونا

عملے اور بچوں سے پروگرام میں ہونے کے دوران زیادہ ہاتھ دھونے کی توقع کی جاتی ہے۔ صابن اور پانی جراثیم کو پھیلنے سے بچانے کا موثر ترین طریقہ ہیں۔ جب ہاتھ دھونا ممکن نہ ہو، تدریسی عملے کے پاس ہاتھوں کا جراثیم کُش دستیاب ہوگا۔ بچے اپنے ہاتھ ایسے وقتوں میں دھوئیں گے جیسے:

- کلاس روم میں داخل ہونے پر؛
- کلاس روم کے ایک حصے سے دوسرے حصے میں جاتے وقت؛
- کھانے سے پہلے اور بعد میں؛
- بیت الخلا استعمال کرنے کے بعد؛
- باہر سے عمارت میں واپس آنے پر؛اور
- جب ہاتھ گندے نظر آرہے ہوں۔

### ٹسٹ اینڈ ٹریس

اگر آپ کے بچے کے پروگرام میں کسی فرد کا COVID-19 ٹسٹ مثبت آتا ہے، آپ اپنے اور اپنے خاندان کے لیے اگلے اقدامات کے بارے میں تحریری مراسلات موصول کریں گے۔ اگر یہ فرد آپ کے بچے کے کلاس روم میں تھا، یا ایسا شخص جس سے آپکے بچے کا 10 منٹ سے زیادہ رابطہ رہا ہو، تب آپ کے بچے کو کچھ وقت کے لیے کوارنٹین کرنا درکار ہوگا۔ اگر آپکا بچہ قریبی رابطے میں نہیں رہا ہے، آپکی آگہی کے لیے آپ کو یہ اطلاع موصول ہوگی کہ پروگرام میں ایک تصدیق شدہ کیس تھا۔ ممکنہ طور پر آپ کو کوئی اگلے اقدامات لینے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ اس فرد کی ذاتی معلومات کا کبھی بھی تبادلہ نہیں کیا جائے گا جس کا COVID-19 ٹسٹ مثبت آیا تھا۔

### بلا ترتیب ٹسٹ

ابتدائی طفولیت کلاس رومز (ارلی لرن، K-3 فار آل، پری کنڈرگارٹن فار آل) میں بچوں سے فی الحال بلاترتیب COVID-19 ٹسٹنگ مطلوب نہیں ہے۔ ہم خاندانوں کی سال کے دوران باقاعدگی سے COVID-19 ٹسٹنگ کروانے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ گریڈز K-3 سے 12تک محکمئہ تعلیم کے طلبا کو شہر بھر میں 22 صحت اور ہسپتال (H+H) ٹسٹنگ سائٹس میں ٹسٹنگ کرانے میں ترجیح ملتی ہے۔ محکمئہ تعلیم کے طلبا سے ایک طالبِ علم آئی ڈی یا اندراج کا ثبوت ساتھ لانا مطلوب نہیں ہے۔ طلبا کے والدین اور سرپرستوں سے بیمہ کارڈ ساتھ لانے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے، لیکن بیمہ کارڈ کے ساتھ یا اسکے بغیر طلبا کو ٹسٹ کیے جانے کی کوئی قیمت نہیں ہے۔ براہِ مہربانی **COVID-19 ٹیسٹنگ برائے طلبا اور عملہ** صفحے کو 22 ترجیحی سائٹس کی فہرست اور اضافی معلومات کے لیے ملاحظہ کریں۔

اکتوبر 2020

## صحت اور حفاظت کے رہنما خطوط برائے ابتدائی طفلی خاندان

برادری پر مبنی تنظیموں میں ارلی لرن K-3، اور پری کنڈر گارٹن میں شرکت کرنے والے بچوں کے لیے

**علحیدگی کی جگہ**
ہر اسکول میں ایک مقرر کردہ تنہائی کا کمرہ / جگہ ہوگی جو کسی طالب علم کے دن کے دوران بیمار ہوجانے کی صورت میں استعمال کے لیے دستیاب ہوگا۔ اگر آپ کے بچے کو تنہائی کا کمرہ / جگہ میں لے جایا جاتا ہے، تمام وقت ان کی نگرانی کی جائے گی۔ آپ سے فوری طور پر رابطہ کیا جائے گا اور اپنے بچے کو لے جانے کی گزارش کی جائے گی۔

**دیکھ بھال اور صفائی**
پروگراموں کے ذریعے استعمال کی جانے والی تمام جگہوں کو تمام دن کے دوران صاف کیا جائے گا اور ہر رات جراثیم کُشی کی جائے گی، زیادہ چھوئے جانے والی جگہوں پر خاص توجہ کے ساتھ۔

**ہوا داری**
پروگراموں سے ذیل میں سے کم از کم ایک کی ہر مرکزی کلاس روم میں ہونے کی توقع کی جاتی ہے جہاں بچوں کو خدمات فراہم کی جاتی ہیں:
- کم از کم ایک کھڑکی جو کھولی جاسکے؛
- ایک پنکھا جو ایک جگہ ہوا پہنچائے؛
- ایک پنکھا جو اندر کی باسی ہوا کو باہر نکالے تاکہ اس کی جگہ تازہ ہوا آسکے؛ یا
- ایک یونٹ وینٹیلیٹر جو مطلوبہ جگہوں پر کنڈیشنڈ ہوا پہنچائے۔

**کھانے کی خدمات**
محکمئہ تعلیم کی کمیونٹی کھانوں کے مقامات (schools.nyc.gov/freemeals) لیں اور جائیں (Grab-and-Go) کھانوں کے لیے سه پہر 3:00-5:00 صرف اسکول دنوں کے دوران کھلے ہوتے ہیں۔ برادری کے تمام اراکین کا خیرمقدم کیا جاتا ہے۔

**ریموٹ لرننگ آلات**
بطور ایک یاددہانی، اگر آپ کے بچے کو ریموٹ لرننگ کے لیے ڈیوائس درکار ہے، آپکو **ریموٹ لرننگ درخواست فارم** مکمل کرنا چاہیئے یا ہیلپ ڈیسک کو 718-935-5100 پر کال کریں۔ اگر آپکو اپنے بچے کا OSIS نمبر معلوم نہیں ہے، آپکو فارم مکمل کرنے کے لیے OSIS نمبر خانے میں تمام نو (9s) درج کرنے چاہییں۔ وہ طلبا جو عارضی رہائش گاہ میں رہتے ہیں یا جن کے پاس انٹرنیٹ تک رسائی نہیں ہے وہ آلہ موصول کرنے کے لیے پہلی ترجیح ہیں۔

آگر یہاں دی گئی معلومات کے بارے میں آپکے کوئی سوالات ہوں، براہِ مہربانی مزید معلومات کے لیے اپنے بچے کے پروگرام قائد سے رابطہ کریں۔ اگر آپکا بچه ایک ضلعی اسکول یا پری کنڈر گارٹن مرکز میں شرکت کرتا ہے براہِ مہربانی **یہاں** پر **اسکول دوبارہ کھلنے 2020-2021 کے لیے اہلِ خانہ کی رہنمائی دیکھیں۔** ہمیشہ کی مانند، نیویارک کے مکینوں کی ٹسٹ کروانے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے اگر انکے وائرس کا سامنا ہونے کی کوئی تشویشات ہیں۔

شراکت میں،

شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم
نیویارک شہر محکمئہ تعلیم